RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۶ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ فروری سنہ ۱۸۹۰ء مطابق ۱۹ جمادی الثانی سنہ ۱۳۰۷ھ جلد ۶

فہرست مضامین

احکام اجلاس کامل کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ء ۔ آج استعفا محمد نادر شاہ خانصاحب [illegible] وائس پریزیڈنٹ بہادر بسبب امراض متعددہ کونسل مین پیش ہوا چونکہ محمد نادر شاہ خانصاحب بوجہ علالت انصرام خدمات مفوضہ سرکاری سے معذوری ظاہر کرتی ہین لہذا کونسل اونکو مجبور نہین کرسکتی استعفا اونکا منظور کیا جاتا ہے اور بجاے اونکے حسب ذیل انتظام عمل مین آتا ہے ۔

۱- محمد مظفر علیخان اسسٹنٹ ممبر بجائے محمد نادر شاہ خان اسسٹنٹ وائس پریزیڈنٹ مقرر کیے جاتے ہیں۔

۲- لالہ پرسیدی لال اسسٹنٹ جوڈیشل ممبر بجائے محمد مظفر علیخان اسسٹنٹ ممبر مال مقرر ہوں۔

۳- قاضی زکی الدین اپیل اسسٹنٹ بجائے لالہ پرسیدی لال اسسٹنٹ جوڈیشل ممبر مقرر ہوں۔ یہ عہدہ اسسٹنٹ ممبر مشیر کا منصب و اسسٹنٹ ممبران کونسل کا تابع ہوگا اور جملہ احکام ممبران کونسل کے اجلاس سے دیے جاویں گے۔ اور کی تعمیل بذمہ فرض ہوگی۔ اور اپیل اسسٹنٹ کا عہدہ تخفیف کیا گیا۔

۴- جملہ اسسٹنٹ صاحبان بدستور تنخواہ ہی پاتے رہیں گے۔

۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- منشی احمد حسن خان سابق رجسٹرار صدر کی پچاس روپیہ ماہوار پنشن تاریخ علیحدگی خدمت مفوضہ سے منظور ہوئی۔

۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- منشی ہرنام سروپ سابق ناظم محکمہ تعمیرات کی پنشن بیس روپیہ ماہوار منظور کی گئی۔

۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- بہادر دفتری محکمہ صدر کے دو روپیہ ماہوار پنشن تاریخ علیحدگی سے بوجہ پیرانہ سالی منظور ہوئی۔

احکام وائس پریزیڈنٹ کونسل

رخصت

یکم فروری سنہ ۱۸۹۰ء- رخصت پندرہ یوم پنڈت نیاز ... منصرم میران کی بوضع تنخواہ منظور ہوئی۔

تقرر

۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- فیض اللہ گنج تحصیل شاہ آباد میں تقرر ذیل عمل میں آیا۔

زین العابدین منصرم	بمشاہرہ	۱۵ ماہوار
محمد حسین محرر	//	[illegible] ماہوار
کرامت اللہ خان سپاہی	//	[illegible] ماہوار
عبدالقادر خان سپاہی	//	[illegible] ماہوار

احکام جوڈیشل ممبر کونسل

رخصت

۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- سید امداد علی ڈاکٹر دوران کی رخصت یک ماہ منظور کی گئی۔

۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- محمود خان جوڈیشل اسسٹنٹ جیل کی بذمہ داری کمپونڈر رخصت ۱۵ یوم کی منظور ہوئی۔

تقرر

۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- شیو راج بہادر امیدوار محرری جوڈیشل نائب پر بمشاہرہ ... ماہوار تین ماہ کے لیے امتحاناً مقرر کیا گیا۔

۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- عنایت حسین امیدوار پاس شدہ ... بمشاہرہ ... ماہوار ... ۱۵ جنوری سنہ ۱۸۹۰ء سے مقرر کیا گیا۔

اضافہ

حسب سفارش صاحب ڈاکٹر بہادر سررشتہ تعلیم حافظ سعد اللہ خان مدرس مدرسہ نگلیا کا ایک روپیہ اضافہ منظور کیا گیا۔

تبادلہ

۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ء۔ جگن لعل اہلمد سررشتہ تعلیم بجائے اصغر علی اہلمد فوجداری اور اصغر علی بجائے جگن لعل تبدیل کیا گیا۔ جگن لعل کو دو روپیہ ماہوار صیغہ فوجداری کے جو ملتے تھے وہ اب تخفیف میں آئے۔

احکام ریونیو ممبر کونسل

تقرر

۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء۔ بابو پرشاد امیدوار کا بمشاہرہ ستہ ماہوار زمین مالگذاری کے سررشتہ واصل باقی نویس صدر میں تقرر عمل میں آیا۔

۴ فروری سنہ ۱۸۹۰ء۔ شرافت حسین امیدوار بمشاہرہ ستہ ماہوار پیشدستی سید مہربان علی صاحب مہتمم کارخانہ خاص پیمائش مقرر کیا گیا۔

یکم فروری سنہ ۱۸۹۰ء۔ پیارے لعل نائب مدرس مدرسہ پٹواریان شہر بطور قائم مقام مقرر کیا گیا۔

۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء۔ محمد مہدی حسن بمشاہرہ سے ماہوار نائب مدرس دویم مدرسہ پٹواریان شہر مقرر کیا گیا۔

۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ء۔ عنایت حسین امیدوار بجائے عوض بیگ محرر دفتر بمحافظ خانہ مستعفی شدہ بمشاہرہ سے روپیہ ماہوار عوضی مقرر کیا گیا۔

اضافہ

یکم فروری سنہ ۱۸۹۰ء۔ پیارے لعل محرر آبپاشی کا ایک روپیہ ماہوار اضافہ عمل میں آیا۔

۴ فروری سنہ ۱۸۹۰ء۔ سخاوت حسین محرر سرسری تحصیل شاہ آباد کا ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

ایک نمونہ نقشہ تعمیل احکام مشتہر کیا جاتا ہے آیندہ ہر تحصیل سے اس نمونہ کے مطابق نقشہ تعمیل احکام ماہوار آنا چاہیئے تاکہ حالات تعمیل ماہوار کی وضع موافق تحصیلداران محال مطلع ہوں۔

نقشہ تعمیل احکام حضور ... تحصیل ... بابت ماہ ... سنہ ۱۸۹۰ء

نمبر	تاریخ	[illegible]	خلاصہ حکم	[illegible]	[illegible]	خلاصہ تعمیل	[illegible]	کیفیت

روبکار اجلاس جنرل محمد اعظم الدین خان صاحب بہادر وائس پریزیڈنٹ ریاست رامپور واقع تاریخ یکم فروری سنہ ۱۸۹۰ء

بمقدمہ

رہائی ملزمین ماخوذین پولیس

کوتوال شہر کے بیان سے معلوم ہوا کہ لوگ اسکے عادی ہوئے ہیں کہ جب کبھی انکا کوئی آشنا و متوسل کسی الزام میں گرفتار ہوتا ہے تو ناجائز طور پر اوسکی رہائی یا ضمانت پر چھوڑنے کی سفارش بذریعہ پیام زبانی کیجاتی ہے اور کوتوال کو بلحاظ اوس وقعت کے رعایت کرنا پڑتی ہے لیکن یہ طریقہ سفارش ظاہر ہے کہ خلاف اصول معدلت ہے اور ہر مہذب گورنمنٹ میں معیوب سمجھا گیا ہے اسلیے۔

حکم ہوا کہ

بذریعہ گزٹ مشتہر کیا جاوے کہ آئندہ ایسی سفارش کرنیوالا سرکاری ملزم قرار دیا جائیگا اور کوتوال ایسی سفارش کرنیوالے کی ہمیشہ سے رپورٹ کیا کرینگے تاکہ ہم اوسکو باضابطہ عدالت میں چالان کرنیکا حکم دے سکیں مگر قبل اسکے کہ مطبع میں یہ روبکار بغرض انطباع بھیجا جاوے معزز معاصرین کے اظہار رائے کیلیے پیش کیا جاوے۔ دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

انسداد بابت سفارش بہت مشکل معلوم ہوتا ہے اسمین کچھ شک نہیں ہے کہ سرکاری ملازم کو سفارشی تحریرات یا [illegible] کسی تدبیر ناجائز سے محجوب کرنا [illegible] نازیبا ہے لہذا صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کی رائے سے ہم اتفاق کرتے ہیں ۔ ۲ - فروری سنہ ۱۸۹۰ء شرح دستخط سید علی حسن

ہمکو بھی اتفاق ہے روبکار ہذا واپس مرسل ہو۔

المرقوم ۳ - فروری سنہ ۱۸۹۰ء شرح دستخط نواب یار جنگ

سررشتہ دار صدر درج گزٹ کرادیں ۔ ۵ - فروری سنہ ۱۸۹۰ء

دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

روبکار اجلاس جنرل محمد اعظم الدین خان صاحب بہادر وائس پریزیڈنٹ ریاست رامپور واقع تاریخ ۳ ماہ فروری سنہ ۱۸۹۰ء

ہمسے اور بہارٹ صاحب بہادر سے درباب پیمائش گفتگو ہوکر ضروری انتظام کے باب میں جو طے پایا اوسکو ہم تحت میں نمبروار قائم کرتے ہیں

(۱) بوندی سرویروں کو واسطے تحصیلدار پرگنات بندوبست کی طلب نہیں دیتی بنام تحصیلداران حکم جاری ہو کہ بوندی سرویروں کو بھی اعانت ضروری دیا کریں۔

(۲) بہارٹ صاحب نے فہرست دیہات کا جمعدار قانونگویوں کے پاس بھیجدیا ہے موافق اوسی ہونے کے اردو ہندی انگریزی میں فہرست جلد تیار ہونا چاہیے بنام جمعدار قانونگویان تاکید ہونا چاہیے۔

(۳) منجملہ مختاران موجودہ مدرسہ مختار یا غیر سید مہربان علی جنکو لائق پیمائش سمجھے ہوں اونکی فہرست ہمکو دیں پھر بھیجدیں سید مہربان علی کو اطلاع دیجاوے۔

(۴) اگر پٹواری کسی عدالت مین طلب ہو تو اول اوسکی درخواست
اجلاس مین صاحب ممدوح کے کیجاوے وہان سے بنام سید مہربان علی
حکم بقید تاریخ و مقام نسبت حاضری پٹواری بھیجا جائیگا اور اوس
حکم کے مطابق سید مہربان علی پٹواریکو روانہ کرینگے اور اطلاع
اسکی ہمارٹ صاحب کو کردینگے وہ ایک رجسٹر مین حوالہ اسکا
لکھ لینگے۔

(۵) جو پٹواری ہمارٹ صاحب کے پاس حاضر ہین بعد امتحان
۱۰ فروری تک ایک نقشہ ہمارٹ صاحب بناکر بھیجدینگے
کہ فلان پٹواری لائق بحالی ہے اونہین پٹواریونکو رکھا جائیگا
باقی ناپڑھے کو وہ واپس کئے جاوینگے۔

(۶) ایک نقل روبکار مورخہ جنوری کے ہمارٹ صاحب بہادر کے
پاس بھیجی جائے۔ حکم ہوا کہ

یہہ روبکار معہ مثل متعلقہ جس مین روبکار جنوری موجود ہے
خدمت مین صاحب جج بہادر بھیجی جاوے اور اجلاس سے بنام محمد خان
سید مہربان علی و ہمارٹ صاحب بہادر نقول اس روبکار کے
بھجوا دینگے اور تحصیلدار انکو نام احکام زرادینگے ہمارٹ صاحب کے
پاس نقل اس روبکار کی معہ نقل روبکار مورخہ جنوری سنہ ۱۹۰۶ع
جائیگی دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر۔
سررشتہ دار صدر الحکام اسی موافق نگرانی خود جاری کردین
اور روبکار ہذا معہ حکم ہذا گزٹ مین شائع ہووے۔
۱۳ فروری سنہ ۱۹۰۶ع دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر

روبکار اجلاس جنرل محمد اعظم الدینخان صاحب بہادر وائس پریزیڈنٹ ریاست رامپور واقع تاریخ ۵ ماہ فروری سنہ ۱۹۰۶ع

مسمے محمد علیخان ساکن نگریہ پرگنہ ملک نے ۳ فروری سنہ ۱۹۰۶ع
ایک عرضی ہماری اجلاس مین بشکایت حبیب اللہ خان اردلی
اس خلاصہ سے پیش کی کہ مقدمہ فدویان بابت ٹھیکہ
نگریہ وغیرہ دائر تحصیل ہے حبیب اللہ خان اردلی فریق ثانی
کی بطمع نفسانی پیروکار ہے تین مرتبہ ایسے معاملہ مین تحصیل
ملک کو جاچکا ہے۔ مقدمہ متدائرہ مین خلل انداز ہے۔
اردلے کا باضابطہ جواب لیا گیا۔ نتیجہ تحقیقات سے
جانا حبیب اللہ خان کا موضع نگریہ مین ثابت ہے گو وہ
اپنے کسی عزیز ہی کے مکان پر کیون نگیا ہو تاہم
مرتبہ احتیاط سے بعید اور ہماری ناراضی کا باعث ہے
اسلئے کہ مقصود ہمارا یہہ ہے کہ ہر ایک معاملہ بدرستی طے ہو
اور لاتفرط جو مقتضاے عدل ہے طے ہوتا ہے کہین کسی مرتبہ
مین کمی بیشی کو دخل نہو پس ہمارے اہلکاران اجلاس اردلی
وغیرہ اگر کسی محکمہ یا سررشتہ مین اپنے اعزا و احبا کی بابت مین
سفارش یا ہمارے حوالہ سے کوئی پیام زبانی پہنچائین تو وہ محض
ناجائز و کالعدم تصور کیا جاوے اور اگر حاکم متعلق ہمکو مطلع
کرینگے تو ہم مشکور ہونگے بنابران حکم ہوا کہ روبکار ہذا پاس
سررشتہ دار صدر بھیجکر لکھا جاوے کہ بغرض اطلاع جملہ محکمہ جات وغیرہ
درج گزٹ کیا جاوے اور اصل دفتر مین رہے۔ دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

روبکار کونسل ریجنسی ریاست رامپور باجلاس نواب یار جنگ بہادر ممبر صیغہ جوڈیشلی واقع ۴ فروری ۱۸۹۰ء

بستہ مسمہ

عرائض جو اس اجلاس میں اہلمدات و وکلا و دیگر عرائض نویسون سے لکہا کر پیش کرتے ہیں وہ بعبارت طولانی عبارت غیر ضروری و فضول [illegible] سے بہرے ہوتے ہیں جس سے نقص عائد ہوتی ہے [illegible] میں وقت تضیع اوقات ہوتی ہے۔ معزز ممبر صاحب جوڈیشل [illegible] بہادر نے اس نقص کے رفع کرنے کیلئے ایک نمونہ عرائض کا نہ صرف مرتب بلکہ اسٹامپ اوسکے طبع کرانیکا خرچ بہی منظور اور طبع کرا لیا ہے اسلئے

حکم ہوا کہ

آئندہ عرائض اس اجلاس میں بہی بجای سادہ کاغذ کے اوسی اسٹامپ پر پیش ہوا کرین جسپر نمونہ عرائض مطبوع ہے وکلا و عرائض نویس تعمیل ملحوظ رکہین اور مینیکاران اجلاس کوئی عرضی سادہ اسٹامپ پر آئندہ نہ لیا کرین اطلاعاً اسکی بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو۔ فقط

شروع دستخط
نواب یار جنگ

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر جوڈیشل ممبر ریجنسی کونسل رامپور واقع ۲۳ فروری ۱۸۹۰ء

جو اعلان بغرض اطلاع و ہدایت رعایا و مستاجران خریداران کہنڈ سار سرکاری قبل نیلام مطبوع و مشتہر ہوا تہا اوسکو بعد وقت نیلام شرائط ذیل بلحاظ شرائط قدیم حسب [illegible] خریداران نیلام و سفارش لالہ [illegible] مینیجر رائس اسٹیٹ جو ذیل میں منظور کیگئی تہین اور اب تحصیلدار صاحب شاہ آباد کی رپورٹ سے معلوم ہوا کہ او نہیں شرائط کے متعلق باہم رعایا و مستاجران تنازع ہے اسلئے وہ شرائط بغرض اطلاع عام حسب ذیل مشتہر کئے جاتے ہیں۔

۱- وزن رس کا [illegible] سیر دسی [illegible] ہوا کریگا [illegible]

۲- جس کاشتکار کے کولہو [illegible] ۲ من رس کم ہوگا اوسی ۱۰ فیصدی کمی ہر حصہ دینا ہوگا۔

۳- چونکہ جو کہنڈ سار [illegible] میں موجود ہے وہ خریداران نیلام کو دیکر [illegible] بحث اوسکے قیمت وصول کیجائیگی اور اگر کچھ [illegible] میں باقی رہیگا وہ کہنڈ ساری کا حق ہوگا۔

حکم ہوا کہ

اصل روبکار شریک مثل متعلقہ ہوکر نقل مطبع سرکاری میں بغرض اندراج گزٹ مرسل ہو۔ فقط

شروع دستخط
نواب یار جنگ

روبکار کونسل محکمہ ریاست رامپور باجلاس
سید علی حسن خان صاحب بہادر ممبر صیغہ مال
واقع تاریخ ۹ فروری سنہ ۱۸۹۰ء

باغرض سرکاری —

حکم ہوا کہ

(۱) منشی الہ بخش نائب علاقہ دار اول بدستور اوسی تنخواہ پر جواب پاتا ہے نہر کوسی پر جہان پہلے تہا واپس جائے۔

(۲) عبد الحمید سابق نائب علاقہ دار اول کے خدمات پرسس ہین منتقل کی گئی تہی چونکہ وہان جگہہ کا انتظام نہین ہوا لہذا عبد الحمید اوسی تنخواہ سابقہ پر میان جان خان کے پاس بجائے اسد بخش کام کرے۔ روبکار ہذا درج گزٹ ہو۔

۔ فروری سنہ ۱۸۹۰ء سراج احمد گرداور نہر کوسی کا استعفا منظور کیا گیا۔

نقشۂ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲ لغایت ۹ فروری سنہ ۱۸۹۰ء

نام تحصیل	پیدائش مرد ہندو	پیدائش مرد مسلمان	پیدائش عورت ہندو	پیدائش عورت مسلمان	میزان	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل فوتی ۱-۵ مرد	۱-۵ عورت	۶ و ۱۲ مرد	۶ و ۱۲ عورت	۱۳-زیادہ مرد	۱۳-زیادہ عورت	میزان موجودہ مرد	میزان موجودہ عورت	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل مذہب مسلمان	کیفیت
حضور	۵	۵	۱۰	۳	۳۰	۲۲	۸	۵	۴	۰	۱	۸	۴	۱۳	۹	۱۲	۱۰	
شاہ آباد	۲۰	۴	۱۸	۱۲	۵۴	۳۸	۱۶	۱	۱	۰	۱	۳	۴	۴	۶	۹	۱	
ملک	۱۹	۳	۱۴	۲	۴۴	۳۸	۶	۲	۴	۳	۶	۶	۲	۱۱	۱۲	۲۱	۲	
سوار	۵	۴	۴	۸	۲۱	۶	۱۵	۱	۱	۰	۱	۲	۲	۳	۴	۴	۳	
ٹانڈہ	۳	۶	۲	۲	۱۴	۶	۸	۰	۰	۱	۰	۱	۰	۲	۰	۰	۲	
بلاسپور	۰	-	-	۰	۰	-	-	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰		
میزان	۵۱	۴۵	۵۰	۲۹	۱۶۳	۱۰۹	۵۴	۱	۱۰	۲	۹	۲۱	۱۲	۳۳	۳۱	۴۵	۱۹	